
# جن سمرتھ پورٹل کے 4 سال

## شہریوں کے لیے قرضہ جاتی اسکیموں تک رسائی آسان ہوئی اور ان کا دائرۂ استفادہ وسیع ہوا

6 جون 2022 کو شروع کیے گئے **جن سمرتھ پورٹل** نے ڈیجیٹل مالی شمولیت اور قرضوں کی آسان فراہمی کے چار سال مکمل کر لیے ہیں۔ ایک واحد ونڈو پلیٹ فارم کے طور پر یہ پورٹل ٹیکنالوجی پر مبنی اور صارف دوست طریقۂ کار کے ذریعے ادارہ جاتی قرضوں تک رسائی کو آسان بناتا ہے۔ یہ پلیٹ فارم زراعت، کاروبار، رہائش، قابلِ تجدید توانائی اور روزگار سمیت متعدد شعبوں کا احاطہ کرتا ہے اور ملک بھر میں مختلف طبقات کے مستفیدین کی معاونت کرتا ہے۔ متعدد زبانوں میں دستیاب جن سمرتھ ایک مربوط ڈیجیٹل نظام کے طور پر ابھر کر سامنے آیا ہے، جو کاروباری افراد، کسانوں اور روزگار کے متلاشیوں کے لیے قرضوں تک آسان، شفاف اور مؤثر رسائی کو فروغ دیتا ہے۔

### جن سمرتھ پورٹل کا سفر

بھارت بھر میں کاروباری خواہشات عموماً ایک سادہ ضرورت سے جنم لیتی ہیں: درست وقت پر مناسب معاونت کی دستیابی۔ ابھرتے ہوئے کاروباری افراد، خواتین کی قیادت میں چلنے والے اداروں اور زرعی کاروبار کے شعبے میں قدم رکھنے والے نوجوان پیشہ ور افراد سمیت بہت سے لوگوں کو اپنے خوابوں کو حقیقت کا روپ دینے کے لیے بروقت اور آسان مالی معاونت درکار ہوتی ہے۔ اگرچہ سرکاری اسکیموں کے ذریعے مواقع موجود ہیں، لیکن متعدد پورٹلز اور مختلف طریقۂ کار کو سمجھنا اور ان سے استفادہ کرنا اکثر ایک چیلنج بنا رہتا ہے۔



اس ضرورت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے حکومت نے قرض سے متعلق اسکیموں کے لیے **جن سمرتھ پورٹل** کا آغاز کیا۔ یہ اپنی نوعیت کا پہلا پلیٹ فارم ہے جو قرض فراہم کرنے والے اداروں کو براہِ راست مستفیدین سے جوڑتا ہے۔ 6 جون 2022 کو شروع کیے جانے کے بعد سے، اس پورٹل نے ایک سادہ اور ٹیکنالوجی پر مبنی نظام کے ذریعے مالی معاونت تک رسائی کو آسان بنایا ہے۔ اسے دو بنیادی مقاصد کے تحت تیار کیا گیا تھا: سرکاری اسکیموں کی رسائی میں اضافہ اور قرضوں کی فراہمی کے عمل کو مزید مؤثر اور منظم بنانا۔

جن سمرتھ نے اپنے سفر کے چار سال مکمل کر لیے ہیں اور یہ پورٹل بلا رکاوٹ قرضہ جاتی سہولیات کی فراہمی کے ذریعے مالی شمولیت کو مزید مضبوط بنانے کا سلسلہ جاری رکھے ہوئے ہے۔

## ایک پلیٹ فارم، متعدد زبانیں

### انگریزی، ہندی، گجراتی، تیلگو، تمل، مراٹھی، بنگالی اور کنڑ

جن سمرتھ قرض کے حصول کے عمل کو ایک مربوط اور صارف دوست ڈیجیٹل نظام کے ذریعے آسان بناتا ہے۔ ملک کی دیہی اور محروم آبادی کی سہولت کے لیے یہ پورٹل آٹھ مختلف زبانوں میں دستیاب ہے۔ یہ پلیٹ فارم کریڈٹ سے منسلک مرکزی حکومت کی 16 اسکیموں کے لیے درخواستیں جمع کرانے کا ایک متحدہ ڈیجیٹل دروازہ فراہم کرتا ہے۔ زراعت اور قابلِ تجدید توانائی سے لے کر کاروباری سرگرمیوں اور رہائش تک، یہ پورٹل مختلف شعبوں اور طبقات کے لیے قرضوں تک جامع اور مساوی رسائی کو ممکن بناتا ہے۔

| نمبر شمار | قرضوں کی اقسام | منصوبے |
|---|---|---|
| 1 | **کریڈٹ گارنٹی کوریج** | ایمرجنسی کریڈٹ گارنٹی اسکیم 5.0 |
| 2 | **ای (NWR - الیکٹرانک گفت وشنید گودام کی رسید (فنانسنگ** | ای - فارمرز پروڈیوس فنڈ (EKUN) |
| 3 | **ہوم لون** | اقتصادی طور پر کمزور طبقے (EWS)، کم آمدنی والے گروپ (LIG) اور درمیانی آمدنی والے گروپ (MIG) کے لیے ہوم لون: شہری علاقوں (HL - U) |
| 4 | **زرعی قرض - کسان کریڈٹ کارڈ** | کسان کریڈٹ کارڈ |
| | | کسان کریڈٹ کارڈ - متسیا (KCCFIM) |
| 5 | **قابل تجدید توانائی** | چھتوں کی شمسی تنصیبات (سولر) کے لیے مالی اعانت |
| 6 | **زرعی انفراسٹرکچر لون** | ایگری کلینکس اور ایگری بزنس سینٹرز اسکیم (ACABC) |
| | | ایگریکلچر انفراسٹرکچر فنڈ (اے آئی ایف) |
| 7 | **کاروباری سرگرمیوں کے لیے قرض** | پرائم منسٹرز ایمپلائمنٹ جنریشن پروگرام (PMEGP) |


| | | |
|---|---|---|
| | | ویور منی سکیم( WMS ) |
| | | پردھان منتری مدرا یوجنا( PMMY ) |
| | | پی ایم اسٹریٹ وینڈر سیلف ریلینٹ فنڈ ) پی ایم سوانیدھی( |
| | | نیشنل ایکشن پلان برائے میکانائزڈ سینیٹیشن ایکوسسٹم ) نمستے( |
| | | اسٹارٹ اپس کے لیے قرض ) شروع( |
| | | کریڈٹ کارڈ برائے مائیکرو انٹرپرائزز( CCME ) |
| 8 | **معاش کا قرض** | دین دیال انتودیا یوجنا - قومی دیہی روزی روٹی مشن( DAY - NRLM ) |

پورٹل کے ساتھ اب تک 269 رکن قرض فراہم کرنے والے ادارے منسلک ہو چکے ہیں، جن میں شامل ہیں:

- 12 سرکاری شعبے کے بینک
- 20 نجی شعبے کے بینک
- 19 نان بینکنگ مالیاتی کمپنیاں(NBFCs)
- 28 علاقائی دیہی بینک
- 7 اسمال فنانس بینک
- 180 ضلعی مرکزی کوآپریٹو بینک(DCCBs)
- 2 شیڈولڈ ریاستی کوآپریٹو بینک
- 1 آل انڈیا مالیاتی ادارہ

## آسان اور ڈیجیٹل درخواستی عمل

یہ پورٹل 24 x7 دستیاب ہے اور درخواست دہندگان کو ایک آسان اور وقت کی بچت کرنے والا ڈیجیٹل درخواست کا تجربہ فراہم کرتا ہے۔





- چندبنیادی سوالات کے جواب دینے کے بعد پورٹل درخواست گزار کو اس کے لیے موزوں ترین اسکیم سے ہم آہنگ کر دیتا ہے۔
- پورٹل خودکار طور پر اہلیت کی جانچ کرتا ہے اور جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے مطلوبہ معلومات بھی از خود پُر کر دیتا ہے۔
- یہ اصولی منظوری (In-Principle Sanction) فراہم کرتا ہے اور اپنے خودکار بزنس رول انجن کے ذریعے درخواست اور متعلقہ دستاویزات منتخب بینک شاخ کو ارسال کر دیتا ہے۔
- پورٹل درخواست گزار کو ہر مرحلے پر پیش رفت سے آگاہ رکھتا ہے، جس سے بینک شاخوں کے بار بار جسمانی دوروں کی ضرورت کم ہو جاتی ہے۔
- مختلف سرکاری ڈیٹا بیسز کے ساتھ حقیقی وقت (ریئل ٹائم) میں جانچ پڑتال قرض کی کارروائی کو تیز تر بناتی ہے۔اہم انضمامات میں **لوکل گورنمنٹ ڈائریکٹری(LGD)** ، **اُدیَم(UDYAM)** ، **یونیک آئیڈینٹیفکیشن اتھارٹی آف انڈیا(UIDAI)** ، **ایگری اسٹیک (AgriStack)**،**ڈی پی آئی آئی ٹی (DPIIT) کا اسٹارٹ اپ پورٹل اور لوکوس (LOKoS)** شامل ہیں۔ ٹیکس سے متعلق ریکارڈ کے لیے **سنٹرل بورڈ آف ڈائریکٹ ٹیکسز (CBDT)** اور **گڈز اینڈ سروسز ٹیکس (GST)** کے نظام بھی منسلک ہیں۔اس کے علاوہ مختلف ضابطہ کار اور غیر سرکاری ذرائع کو بھی پورٹل میں شامل کیا گیا ہے، جن میں **نیشنل سیکیورٹیز ڈپازٹری لمیٹڈ(NSDL)** ، **نیشنل ای-گورننس سروسز لمیٹڈ(NeSL)** ، **سیبل(CIBIL)** ، **نیشنل کریڈٹ گارنٹی ٹرسٹی کمپنی (NCGTC)** اور **کریڈٹ گارنٹی فنڈ ٹرسٹ فار مائیکرو اینڈ اسمال انٹرپرائزز (CGTMSE)** وغیرہ شامل ہیں۔

پورٹل بینکوں کے بزنس کوریسپونڈنٹس اور معاون شراکت داروں کے ذریعے قرض کی درخواستیں جمع کرانے کے لیے معاونتی (Assisted) سہولت بھی فراہم کرتا ہے۔اس تک **ویب سائٹ** اور **موبائل ایپلی کیشن** )اینڈرائیڈ اور آئی او ایس دونوں پر دستیاب) کے ذریعے رسائی حاصل کی جا سکتی ہے۔مزید برآں، حقیقی وقت کی رپورٹس تک رسائی کے لیے ایک علیحدہ موبائل ایپ بھی دستیاب ہے۔

## جن سمرتھ: وسعت اور اثرات

جن سمرتھ پورٹل کے اثرات نہ صرف بڑے پیمانے پر قرضوں کی فراہمی میں نمایاں ہیں بلکہ ان بے شمار کاروباری کامیابیوں میں بھی جھلکتے ہیں جنہیں اس پلیٹ فارم نے ملک بھر میں ممکن بنایا ہے۔

آغاز کے بعد سے یہ پورٹل ادارہ جاتی قرضوں تک رسائی کو وسعت دینے کے لیے ایک اہم ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے طور پر ابھرا ہے۔ یکم جون 2026 تک پورٹل کے ذریعے تقریباً **54.10 لاکھ درخواستوں** پر کارروائی کی جا چکی ہے، جن کی مجموعی مالیت **3,00,951 کروڑ روپے** ہے۔ مزید برآں، بینکوں نے **49.55 لاکھ مستفیدین** کو ڈیجیٹل منظوری فراہم کی ہے، جس میں **2,76,493.78 کروڑ روپے** کی رقم شامل ہے۔ یہ اعداد و شمار مؤثر ڈیجیٹل قرضہ جاتی نظاموں پر بڑھتے ہوئے اعتماد کی عکاسی کرتے ہیں۔




**زندگیوں اور روزگار کے مواقع میں تبدیلی**

راجستھان کے شہر ادے پور میں **ونائک پیکیجنگ** کے مالک **نکھل** اپنے کاروبار کو وسعت دینا چاہتے تھے، لیکن اس مقصد کے لیے انہیں بروقت مالی معاونت درکار تھی۔ جن سمرتھ پورٹل پر **پردھان منتری مدرا یوجنا** (PMMY) کے تحت انہوں نے قرض کے لیے ایک آسان اور بغیر کسی پیچیدگی کے ڈیجیٹل درخواست کا عمل اختیار کیا۔ **پنجاب اینڈ سندھ بینک** کے تعاون سے نکھل کو مطلوبہ مالی مدد حاصل ہوئی، جس کے نتیجے میں وہ اپنے کاروبار کو کامیابی سے وسعت دینے میں کامیاب رہے اور ان کا کاروباری سفر مزید مضبوط ہوا۔

اسی طرح **مہاراشٹر** کے ضلع پالگھر کے ساحلی گاؤں **ماہیم کیلوے** کی رہائشی **سونیا** ماہی گیری کے کاروبار کے ذریعے خود کفیل کاروباری خاتون بننے کی خواہش رکھتی تھیں۔ انہوں نے جن سمرتھ پورٹل کے ذریعے **پردھان منتری مدرا یوجنا** (PMMY) کے تحت **بینک آف بڑودہ** سے مالی معاونت حاصل کی۔ اس مدد نے انہیں مچھلیوں کی فراہمی کے اپنے کاروبار کا آغاز کرنے میں سہارا دیا اور ان کے خواب کو ایک پائیدار ذریعۂ معاش میں تبدیل کر دیا۔ آج ان کا کاروبار نہ صرف ان کے خاندان کی آمدنی میں اضافہ کر رہا ہے بلکہ دیہی خواتین کاروباری افراد کو بااختیار بنانے میں ڈیجیٹل قرضہ جاتی سہولیات کے کردار کو بھی اجاگر کرتا ہے۔

ایک اور مثال میں، راجستھان کے ضلع بوندی کے قصبے **تالیرا** سے تعلق رکھنے والے **نتیش بیرگاری** زرعی کاروباری شخصیت بننے اور اپنی برادری میں

روزگار کے مواقع پیدا کرنے کا خواب رکھتے تھے۔ انہوں نے جن سمرتھ پورٹل کے ذریعے **ایگری کلینکس اینڈ ایگری بزنس سینٹرز اسکیم (ACABC)** کے تحت مالی معاونت کے لیے درخواست دی۔ **اسٹیٹ بینک آف انڈیا** کے تعاون سے قرض کی منظوری کا عمل ہموار اور مربوط انداز میں مکمل ہوا، جس کے نتیجے میں وہ کامیابی کے ساتھ ایک ڈیری یونٹ قائم کرنے میں کامیاب ہوئے۔ ان کا سفر اس بات کی عکاسی کرتا ہے کہ ادارہ جاتی قرضوں تک آسان رسائی دیہی کاروباری افراد کو پائیدار روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنا رہی ہے۔

یہ تمام مثالیں اس حقیقت کو نمایاں کرتی ہیں کہ **جن سمرتھ** مختلف شعبوں اور خطوں میں مالی شمولیت کو فروغ دینے اور کاروباری سرگرمیوں کو تقویت دینے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

## جامع قرضہ جاتی نظام کی تشکیل

ایک واحد ونڈو ڈیجیٹل پلیٹ فارم کے طور پر تیار کیا گیا **جن سمرتھ پورٹل** مختلف نوعیت کی قرضہ جاتی ضروریات کو پورا کر رہا ہے۔ یہ پلیٹ فارم ایک مؤثر اور ٹیکنالوجی پر مبنی نظام کے ذریعے مختلف شعبوں میں نئے مواقع بھی پیدا کر رہا ہے۔ جن سمرتھ کاروباری افراد، کسانوں، چھوٹے کاروباروں اور روزگار کے متلاشیوں کو مختلف شعبوں میں معاونت فراہم کرتا ہے۔

طریقۂ کار کی پیچیدگیوں میں کمی اور رسائی میں بہتری کے ذریعے یہ پورٹل ملک بھر کے شہریوں کے لیے ادارہ جاتی قرضوں تک رسائی کو مزید آسان بنا رہا ہے۔ یہ اقدام متعلقہ سرکاری اسکیموں سے وابستہ تمام سرگرمیوں اور عمل کو ابتدا سے انتہا تک ایک مربوط نظام میں شامل کرنے کو بھی یقینی بناتا ہے۔

یہ حکومت کے **ڈیجیٹل مالی شمولیت، مؤثر قرضہ جاتی فراہمی اور ہمہ گیر معاشی بااختیاری** کے عزم کی عکاسی کرتا ہے، جس کے ذریعے زیادہ سے زیادہ شہریوں کو مالی مواقع سے مستفید ہونے کا موقع فراہم کیا جا رہا ہے۔


حوالہ جات

وزارت خزانہ

https://www.jansamarth.in/home

https://www.pib.gov.in/PressReleasePage.aspx?PRID=2247026&reg=3&lang=2

https://www.jansamarth.in/our-partners

https://www.jansamarth.in/home-loan-pradhan-mantri-awas-yojana-urban-2-0-scheme

جن سمرتھ پورٹل–YouTube

https://www.youtube.com/watch?v=WyFac4PmIYA

https://www.youtube.com/watch?v=YciXtGzjvsw

https://www.youtube.com/watch?v=U55E6ma4MIo


پی ڈی ایف دیکھنے کے لیے یہاں کلک کریں۔

****

ش ح۔ ک ا۔ م ذ

U.NO.8004

PIB Backgrounder

4 years of Jan Samarth Portal

Expanding Access and Bringing Credit Schemes Closer to Citizens

(Release ID: 2269253)